خط لکھیں

ایک زندگی تبدیل کریں

ہمیں اچھا لگے گا اگر آپ 2014 کی حقوق کے لیے لکھیں مہم کے سلسلے میں ایک خط لکھیں، پٹیشن پر دستخط کریں یا اپنی حمایت کا آن لائن پر اظہار کریں۔

آپ اس بابت یہ کرسکتے ہیں:

1. آپ کی مقامی ایمنسٹی ٹیم کے پاس اس سال کے لوگوں کی تفصیل موجود ہوگی جن پر اس مرتبہ وہ توجہ دے رہے ہیں۔ اپنا قریبی قومی دفتر (اور ان کی ویب سائٹ) amnesty.org پر معلوم کریں۔

2. اس برس کے بعض کیسوں کے بارے میں پڑھیں، ان کی ویڈیوز دیکھیں اور amnesty.org/writeforrights پر معلوم کریں کہ آپ اس بابت کیا کرسکتے ہیں۔

3. اپنی حمایت @AmnestyOnline پر ٹویٹ کریں اور #W4R ہیش ٹیگ کا استعمال کریں۔

دسمبر 2014
Index: ACT 30/010/2014 Urdu

حقوق کے
لیے قلم
اٹھائیں

AMNESTY
INTERNATIONAL

آپ کے الفاظ زندگیاں تبدیل کرسکتے ہیں

© Amnesty International

خط لکھیں، پٹیشن پر دستخط کریں، ٹویٹ بھیجیں۔۔۔

آپ جو بھی حقوق کے لیے لکھیں گے، آپ کے الفاظ دنیا بھر میں لوگوں کے انسانی حقوق کے تحفظ میں مدد کریں گے۔

حقوق کے لیے لکھنا کیا ہے؟

ہر دسمبر، ایمنسٹی کے دنیا بھر میں حمایتی لاکھوں خطوط لکھتے ہیں اُن لوگوں کے لیے جن کے بنیادی انسانی حقوق پر حملہ کیا گیا ہوتا ہے۔ یہ دنیا میں انسانی حقوق کا سب سے بڑا واقع ہے جس میں ایک قدیم روایت کے مطابق آپ جیسے لوگ مکتوب لکھتے ہیں تاکہ دنیا کی بعض سب سے بڑی غلطیاں درست کی جاسکیں۔ اور یہ محض خطوط نہیں ہیں – یہ پٹیشن، ای میل، ٹویٹ، فیس بک پوسٹ، تصاویر اور پوسٹ کارڈز بھی ہوسکتے ہیں۔۔۔ جو آپ سمجھتے ہوں جو زیادہ موثر ہوسکتے ہیں تبدیلی لانے میں۔

ہمیں یہ سب کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

دنیا کے طول و عرض میں لوگوں کی آذادیاں خطرے میں ہیں۔ کارکنوں کو محض آن لائن پر اپنی رائے کے اظہار کی وجہ سے حراست میں لے لیا جاتا ہے۔ احتجاج کرنے والوں پر تشدد کیا جاتا ہے اور غلط وجہ سے جیل میں ڈالا جاتا ہے۔ عورتیں اور بچیاں زچگی کے دوران جان کھو بیٹھتی ہیں کیونکہ انہیں ان کی ضرورت کے مطابق صحت کی سہولتیں نہیں دی جاتی ہیں۔ آپ کے خطوط، الفاظ اور کاروائی عالم میں حکام پر دباؤ ڈالیں گی کہ وہ فوری کارروائی کریں، تاکہ لوگ آذادی سے اپنی زندگیاں گزار سکیں۔

ہم کن کو لکھتے ہیں؟

ہم چاہیں گے کہ آپ دو خط لکھیں۔ ایک اقتدار میں بااختیار شخص کو – یہ شاہ، صدر، وزیر انصاف یا پولیس کے سربراہ ہوسکتے ہیں ۔ جو تبدیلی لانے میں مددگار ہوسکتے ہیں۔ اور دوسرا خط اس شخص (یا افراد کے گروپ) کو ہو جن کے لیے ہم جدوجہد کر رہے ہیں۔ ان حمایت کے خطوط کا مطلب ہوگا کہ لوگ جان جائیں گے کہ ہم انہیں کبھی نہیں بھولیں گے۔

کیا اس کا کوئی فائدہ ہوتا ہے؟

ہاں! ہر سال آپ کے خطوط اور ایکشن کی وجہ سے اصل تبدیلی آتی ہے۔ غلطی سے گرفتار افراد رہا کر دیئے جاتے ہیں۔ تشدد کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کیا جاتا ہے۔ اور قیدخانوں میں بند لوگوں کے ساتھ زیادہ مناسب رویا اختیار کیا جاتا ہے۔ یہ وہ چند مثالیں ہیں کہ کیسے آپ کے خطوط نے گزشتہ چند برسوں میں زندگیوں میں تبدیلی لائی ہے۔

© Nicolas Axelrod/Getty Images

© Novoderezhkin Anton/ITAR-TASS Photo/Corbis

کمبوڈیا میں آزادی

یورم بوفا (اوپر، دائیں) کو اپنی آبادی میں زبردستی انخلاء کے خلاف احتجاج کرنے پر تین سال کے لیے قید کر دیا گیا تھا۔ انہیں نومبر 2013 میں رہا کر دیا گیا جب حکام کو چون ممالک سے ایمنسٹی کے قریبا 253000 حامیوں کے خطوط ملے۔

"میں ان تمام افراد کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے اپنا وقت مختص کر کے حکومت کو میری رہائی کی درخواست کرنے کے لیے پٹیشن خطوط لکھے۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ ہم اکیلے نہیں ہیں۔"

یورم بوفا، کمبوڈیا

روس میں رہائی

2013 میں ایمنسٹی کے حامیوں کے خطوط نے تین کارکنوں کی ماسکو کے بولتنیا چوراہے پر گرفتاری کی جانب توجہ مبذول کروائی۔ اس دباؤ کی وجہ سے ان میں سے دو کی رہائی ممکن ہوسکی – ولادمیر اکیمنوو (اوپر، بائیں) اور میخایل کوسنکو۔

"میں ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ان سب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے مجھے خطوط لکھے۔ آپ کے خطوط سے میری رہائی میں مدد ملی۔"

ولادمیر اکیمنوو، روس۔

آذربائیجان میں معافی

آذربائیجان کے نوجوان کارکن جبار سوالان کو 2011 میں آپ کے خطوط پہنچنے کے چند روز کے اندر معافی دیے جانے کے بعد رہا کر دیا گیا۔

"جو حمایت مجھے میسر ہوئی اتنی زبردست تھی کہ مجھے محسوس ہی نہیں ہوا کہ میں قید میں ہوں۔ میں نے اپنے آپ کو اکیلا محسوس نہیں کیا۔ مجھے معلوم تھا کہ لوگ مجھے میں یقین رکھتے ہیں۔"

جبار سوالان، آذربائیجان